اس میں امثال العرب کو لیا گیا ہے - ریل کے سفر میں استعمال ہونے والے جدید عربی الفاظ، سرِ راہ گفتگو میں استعمال کیے جانے والے فقرات، دستر خوان پر بیٹھے ہوئے کلام کرنے کا طریقہ - اشیائے خوردنی، سبزیات اور ترکاریاں، سبھی کے نام درج کیے ہیں - دکاندار اور گاہک کے مابین گفتگو، جسم انسانی کے اعضاء، انسانی زندگی کی مختلف حالتیں بھی بیان کی گئی ہیں - نیز ٹریولنگ ایجنسی، ڈاک خانہ، مواصلات، گھریلو سازوسامان، بنک کے بارے میں عربی الفاظ، مملکت سے متعلق معلومات کیبنٹ کے ارکان، ممبرانِ مجلس اور عمارت اور اس کے متعلقات، فوج اور سیاست، تجارت کے بارے میں سارے الفاظ جمع کیے گئے ہیں - آخر میں عربی میں پاکستان کے متعلق مکالمہ، دعوت نامے کے نمونے اور دعا پر کتاب ختم ہوتی ہے۔

تھوڑے وقت میں زیادہ معلومات اور ذخیرۂ الفاظ سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے اچھی کتاب ہے۔

(ع - س)

کمپیوٹر کیا ہے؟ | جناب حکیم نعیم الدین زبیری - ناشر: نونہال ادب، ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، کراچی۔ صفحات: ۵۲، مصور، غیر مجلد - قیمت -/۸ روپے۔

کہا جاتا ہے کہ جس طرح بجلی کی دریافت نے انسانی زندگی میں انقلابِ عظیم برپا کر دیا۔ اسی طرح کمپیوٹر ہماری دنیا کو کچھ سے کچھ بنا دے گا - یہ حیرت انگیز مشین ہماری زندگی میں حیران کن سہولتیں فراہم کر رہی ہے - اور اس کی کارکردگی ترقی پذیر ہے۔

حکیم نعیم الدین زبیری صاحب نے اس رسالے میں کمپیوٹر کی تاریخ، ساخت اور کارکردگی کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کی ہے - اور ایسے آسان انداز میں کہ ہر بات بالکل آسانی سے سمجھ میں آتی چلی جاتی ہے - وضاحت کے لیے تصاویر بھی شامل کی گئی ہیں - ہمارے نزدیک یہ ایک انتہائی مفید کوشش ہے - ہمدرد فاؤنڈیشن پریس کراچی نے اسے بہت توجہ اور سلیقے سے شائع کیا ہے - قیمت نہایت مناسب، بلکہ بہت کم ہے۔

(ن - ز)